CCE-II-RR/PR/PF/NSR/NSPR(A)/888/4057

Question Paper Serial No.

**A**

ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2

**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

**CCE RR/PR/PF/ NSR/NSPR FULL SYLLABUS**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**
**Code No. : 85-U**

ವಿಷಯ : **ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ**

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Regular Repeater / Private Repeater / Private Fresh / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 22. 06. 2024 ] [ Date : 22. 06. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/**ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

یہاں سے کاٹیں

اس طرف سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولیں

22. 06. 2024

Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. مستقل زمینداری نظام جاری کرنے والا

(A) وارن ہیسٹنگس (B) کارنوالس

(C) ویلزلی (D) ڈلہوزی

2. دوسری اینگلو میسور جنگ کی اصل وجہ تھی

(A) انگریزوں کا ماہے پر قبضہ کرنا

(B) انگریزوں کا سری رنگا پٹن معاہد کی شرائط کو توڑنا

(C) انگریزوں کا کاروار اور کوئمبتور پر قبضہ کرنا

(D) انگریزوں کا منگلور معاہدے کی شرائط کو توڑنا

3. عالمی ادارہ صحت کا صدر دفتر واقع ہے

(A) نیویارک

(B) پیرس

(C) روم

(D) جینوا

4. ہندوستان کا چائے کا بندرگاہ ( Tea port ) ہے

(A) وشاکھاپٹنم

(B) مارم گوا

(C) کولکاتا

(D) ممبئی

5. دستور کے 17 ویں دفعہ کی اہمیت ہے

(A) بچّہ مزدوری کی ممنوع

(B) چھوت چھات کا خاتمہ

(C) ناخواندگی کا خاتمہ

(D) جہیز کی ممنوع

6. نرمدا بچاؤ تحریک کے رہنما تھے

(A) بابا آمٹے اور میدھا پاٹکر

(B) سندر لال بہوگنا اور چنڈی پرساد بھٹ

(C) ڈاکٹر شیورام کارانت اور کسوما سوربا

(D) کروے اور شیاما جی کرشنا ورما

7. ہندوستان کے بابائے سبز انقلاب ہے۔

(A) ورگیز کورئین

(B) ڈاکٹر ایم-ایس-سوامی ناتھن

(C) امرتیہ سین

(D) ڈاکٹر نورمن برلوگ

8. رمیش کی پانچ سالہ بیٹی ہے جسکی شادی کے لئے مستقبل میں رقم کی بچت کا فیصلہ کیا۔اس کام کے لئے بہتر مناسب بینک کھاتہ ہے

(A) بچت کھاتہ

(B) چالو کھاتہ

(C) مکرر ڈپازٹ کھاتہ

(D) مقررہ معیاری ڈپازٹ کھاتہ

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں : **8 × 1 = 8**

9. "ستیہ ارتھ پرکاش" ( Satyartha Prakasha ) نامی کتاب کس نے لکھی ہے ؟

10. اِلبرٹ بل ( Ilbert Bill ) کا اصل مقصد کیا تھا ؟

11. سماجی پرتوں کا نظام ( Social stratification ) کس طرح وجود میں آیا ہے ؟

12. تخفیف اسلحہ کسے کہتے ہیں ؟

13. پٹرول کو 'سیال سونا' کہتے ہیں۔ کیوں ؟

14. بارش کے پانی کو جمع کرنا ( Rainwater Harvesting ) کیوں ضروری ہے ؟

15. اقتدار کا لامرکزیت ( Decentralisation of Power ) سے کیا مراد ہے ؟

16. ضلعی صنعتی مراکز ( District Industrial Centres ) کیوں قائم کئے گئے تھے ؟

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16

17. اقوام دولت مشترکہ ( Commonwealth of Nations ) کیوں قائم کیا گیا تھا ؟

یا

ہم نفع خوری ( Profiteering ) کو کس طرح روک لگا سکتے ہیں ؟

18. اپیکو تحریک ( Appiko Movement ) کی وضاحت کیجئے۔

یا

بچپن کی شادی ( Child marriage ) کے اثرات کی وضاحت کیجئے۔

19. پہلی جنگ عظیم کے کیا اثرات تھے ؟

20. جونا گڑھ کو کس طرح ہند یونین میں شامل کیا گیا ؟

21. مٹی کی کٹائی ( Soil erosion ) موجودہ سالوں میں بڑھتی جا رہی ہے۔ کیوں ؟

22. ہندوستانی زراعت برسات کے موسم کے ساتھ جوا کھیلتی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

23. عوامی مالیہ ( Public finance ) ذاتی مالیہ ( Personal finance ) سے مختلف ہے۔ کیسے ؟

24. ہر سال 15 مارچ عالمی یوم صارفین ( World Consumers Day ) کے طور پر منایا جاتا ہے۔ کیوں ؟

**IV. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے :** **9 × 3 = 27**

25. کرشنا راجہ وڈیر-IV کا دور صوبہ میسور کو ایک نمونہ بنا دیا۔ وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستانی سماج کے سدھار میں راجہ رام موہن رائے کا کردار ایک یادگار ہے۔ وضاحت کیجئے۔

26. زمین کے استعمال میں اثر ڈالنے والے عوامل کی فہرست بنائیے۔

یا

ہندوستان کے صنعتی خطّوں کی فہرست بنائیے۔

27. پنچایتی راج کے ادارے دیہی ترقی میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ خلاصہ کیجئے۔

یا

پنج سالہ منصوبہ ہندوستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کیسے ؟

28. بینک کے کام کاج کیا ہیں ؟

یا

ایک باصلاحیت کاروباری کیا کام کرتے ہیں ؟

29. عہد معاونت ( Subsidiary Alliance ) کے کیا شرائط تھے ؟

30. پلاسی کی جنگ کے وجوہات اور نتائج کی وضاحت کیجئے۔

31. روس نے بہت سارے حالات میں ہندوستان کی مدد کی ہے۔ کیسے ؟

32. بے روزگاری کے مسائل کو حل کرنے کی کیا تدابیر ہیں ؟

33. جنگلات کے تحفظ کے طریقوں کی وضاحت کیجئے۔

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : $4 \times 4 = 16$

34. ہندوستان کی جنگ آزادی میں انتہا پسندوں کے کردار کی وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستان میں انگریزی تعلیم کے اثرات کی وضاحت کیجئے۔

35. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی متعدد وجوہات کی بنیاد پر ناکام رہی۔ جواز پیش کیجئے۔

36. عورتوں کی سماجی حیثیت کو اُجاگر کرنے کی خاطر سرکار نے کون سے اقدامات اُٹھائے ہیں ؟

37. زلزلہ ہونے کے وجوہات اور اس کے اثرات کو بیان کیجئے۔

**VI.** 38. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) کونکن کا ساحل

c) ہیرا کڈ منصوبہ

d) امرتسر

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: ( سوال نمبر 38 کی جگہ )**

ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ **5**

DO NOT WRITE ANYTHING HERE